# Bahria University Library Islamabad

Source: Express Friday September 18, 2026

## ترکیہ کی 10 یونیورسٹیوں کے وفد کا بحریہ یونیورسٹی کا دورہ

## یلدز ٹیکنیکل اور دوکوز ایلول یونیورسٹی کے مابین دو مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

## طلبہ، فیکلٹی تبادلے کے پروگرامز، مشترکہ تعلیمی و تحقیقی منصوبوں، دیگر امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (ایکسپریس نیوز) ترکیہ کی دس ممتاز یونیورسٹیوں کے اعلیٰ حکام پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد نے بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ کیا۔ وفد میں ترکیہ کے اعلیٰ تعلیم سے وابستہ تقریباً سترہ نمائندگان شامل تھے۔ ترک وفد میں بوغازیچی یونیورسٹی، دوکوز ایلولیو نیورسٹی، غازی یونیورسٹی، گبزی ٹیکنیکل یونیورسٹی، ہاجت تپی یونیورسٹی، استنبول ٹیکنیکل یونیورسٹی، ازمیر انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، مڈل ایسٹ ٹیکنیکل یونیورسٹی، صابانجی یونیورسٹی اور یلدز ٹیکنیکل یونیورسٹی کے نمائندگان شامل تھے۔ ملاقات کے دوران طلبہ اور فیکلٹی کے تبادلے کے پروگرامز، مشترکہ تعلیمی و تحقیقی منصوبوں، انٹرن شپ اور سمر پروگرامز، مشترکہ تحقیقی اشاعتوں، ورکشاپس اور کانفرنسز، ڈبل / ڈوئل ڈگری پروگرامز اور پوسٹ گریجویٹ اسکالرشپس سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مجوزہ ترکیہ، پاکستان، سعودی عرب یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی، مجوزہ یونیورسٹی کے ممکنہ تعلیمی دائرہ کار، ترجیحات اور انسٹیٹیوشنل فریم ورک پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دورے کے دوران بحریہ یونیورسٹی اور دو ترک یونیورسٹیوں، یلدز ٹیکنیکل یونیورسٹی اور دوکوز ایلول یونیورسٹی کے مابین دو مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی کیے گئے۔ ترک یونیورسٹیوں کی جانب سے انجینئرنگ و ٹیکنالوجی، آرٹیفشل انٹیلی جنس، ڈیٹا سائنس، ہیلتھ اینڈ بائیو میڈیکل سائنسز، انرجی اینڈ انوائرنمنٹل سٹڈیز، میٹریلز سائنسز، روبوٹکس، مرین سائنسز اور سوشل سائنسز سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں علمی و تحقیقی صلاحیتیں پیش کی گئیں۔ دورے نے بحریہ یونیورسٹی کو موقع فراہم کیا ہے کہ وہ ترکیہ کی ممتاز یونیورسٹیوں کے ساتھ تعلیمی تعاون اور علمی تعاون کیلئے براہ راست شراکت داری کرے۔



بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس کے دورے کے موقع پر ترک اعلیٰ تعلیمی اداروں کے رہنماؤں اور بحریہ یونیورسٹی کے آفیشلز کا گروپ فوٹو

# Bahria, Türkiye varsities forge new academic collaborations

**STAFF REPORTER**

A high-level delegation comprising officials from 10 leading Turkish universities visited Bahria University, Islamabad. The delegation brought together nearly 17 representatives from the Turkish higher education sector to explore avenues for strengthening academic and research collaboration between Türkiye and Pakistan.

The delegation included representatives from Boğaziçi University, Dokuz Eylül University, Gazi University, Gebze Technical University, Hacettepe University, İstanbul Technical University, İzmir Institute of Technology, Middle East Technical University, Sabancı University, and Yıldız Technical University. The engagement focused on expanding cooperation in areas including student and faculty exchange programmes, joint academic and research initiatives, internships, summer programmes, joint publications, workshops and conferences, double/dual degree opportunities, and postgraduate scholarships. Discussions also covered the proposed Türkiye–Pakistan (Saudi Arabia) University of Technology.

